روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 3 جنوری 2009ء 5 محرم 1430 ہجری 3 صلح 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 3

اس امام کی تقویٰ اور محبت الٰہی اور صبر واستقامت زہد اور عبادت ہمارے لئے اسوۂ حسنہ ہے

حسین رضی اللہ عنہ طاہر ومطہر اور سرداران بہشت میں سے ہے

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی عظمتوں کا بیان حضرت مسیح موعود کے قلم سے

حسین رضی اللہ عنہ طاہر مطہر تھا اور بلاشبہ وہ ان برگزیدوں میں سے ہے جن کو خدا تعالیٰ اپنے ہاتھ سے صاف کرتا اور اپنی محبت سے معمور کر دیتا ہے اور بلاشبہ وہ سرداران بہشت میں سے ہے اور ایک ذرہ کینہ رکھنا اس سے موجب سلب ایمان ہے اور اس امام کی تقویٰ اور محبت الٰہی اور صبر اور استقامت اور زہد اور عبادت ہمارے لئے اسوۂ حسنہ ہے اور ہم اس معصوم کی ہدایت کے اقتداء کرنے والے ہیں جو اس کو ملی تھی۔ تباہ ہوگیا وہ دل جو اس کا دشمن ہے اور کامیاب ہوگیا وہ دل جو عملی رنگ میں اس کی محبت ظاہر کرتا ہے اور اس کے ایمان اور اخلاق اور شجاعت اور تقویٰ اور استقامت اور محبت الٰہی کے تمام نقوش انعکاسی طور پر کامل پیروی کے ساتھ اپنے اندر لیتا ہے جیسا کہ ایک صاف آئینہ میں ایک خوبصورت انسان کا نقش۔ یہ لوگ دنیا کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔ کون جانتا ہے ان کا قدر مگر وہی جو ان میں سے ہیں۔ دنیا کی آنکھ ان کو شناخت نہیں کرسکتی کیونکہ وہ دنیا سے بہت دور ہیں۔ یہی وجہ حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کی تھی کیونکہ وہ شناخت نہیں کیا گیا۔ دنیا نے کس پاک اور برگزیدہ سے اس کے زمانہ میں محبت کی تا حسین رضی اللہ عنہ سے بھی محبت کی جاتی۔ غرض یہ امر نہایت درجہ کی شقاوت اور بے ایمانی میں داخل ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ کی تحقیر کی جائے۔ اور جو شخص حسین رضی اللہ عنہ یا کسی اور بزرگ کی جو ائمہ مطہرین میں سے ہے تحقیر کرتا ہے یا کوئی کلمہ استخفاف کا اس کی نسبت اپنی زبان پر لاتا ہے۔ وہ اپنے ایمان کو ضائع کرتا ہے۔ کیونکہ اللہ جلشانہ اس شخص کا دشمن ہو جاتا ہے جو اس کے برگزیدوں اور پیاروں کا دشمن ہے۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 545)

تین سوار

حضرت عبداللہ بن جعفرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو اہل بیت کے بچے بھی آپ کے استقبال کیلئے جاتے۔ ایک دفعہ آپ سفر سے واپس آئے تو سب سے پہلے مجھے آپ تک پہنچایا گیا۔ آپ نے مجھے گود میں اٹھا لیا پھر حسن یا حسین آئے تو آپ نے انہیں پیچھے بٹھا لیا اور مدینہ میں اس طرح داخل ہوئے کہ ایک اونٹ پر ہم تین سوار تھے۔

(مسند احمد حدیث نمبر 1743 جلد نمبر 1 ص 203)

اراکین خصوصی و اراکین مجلس عاملہ انصاراللہ پاکستان

(برائے سال 2009ء/ 1388 ہش)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 1388 ہش/ 2009ء کے لئے مندرجہ ذیل اراکین خصوصی و مجلس انصاراللہ پاکستان کی منظوری عطا فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو احسن رنگ میں خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اراکین خصوصی:۔

1۔ محترم چوہدری حمیداللہ صاحب
2۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب
3۔ مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب

اراکین مجلس عاملہ انصاراللہ پاکستان

1۔ مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نائب صدر اول
2۔ مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب نائب صدر اور قائد تعلیم
3۔ مکرم ملک منور جاوید صاحب نائب صدر
4۔ مکرم راجہ منیر احمد خان صاحب نائب صدر صف دوم
5۔ مکرم عطاء الرحمٰن محمود صاحب قائد عمومی
6۔ مکرم ڈاکٹر محمد احمد اشرف صاحب قائد اصلاح وارشاد
7۔ مکرم محمد محمود طاہر صاحب قائد تربیت
8۔ مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب قائد تربیت نومبائعین
9۔ مکرم عبدالسمیع خان صاحب قائد تعلیم القرآن ووقف عارضی
10۔ مکرم طاہر مہدی صاحب قائد اشاعت
11۔ مکرم منیر احمد بسمل صاحب قائد تجنید
12۔ مکرم عبدالجلیل صادق صاحب قائد ذہانت وصحت جسمانی
13۔ مکرم محمد اسلم شاد منگلا صاحب قائد تحریک جدید
14۔ مکرم لطیف احمد جھمٹ صاحب قائد وقف جدید
15۔ مکرم شاہد احمد سعدی صاحب قائد ایثار
16۔ مکرم سید طاہر احمد صاحب قائد مال
17۔ مکرم خالد محمود الحسن بھٹی صاحب آڈیٹر
18۔ مکرم سید قاسم احمد شاہ صاحب معاون صدر
19۔ مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب معاون صدر تاریخ انصاراللہ
20۔ مکرم نصیر احمد چوہدری صاحب زعیم اعلیٰ انصاراللہ ربوہ
☆ مکرم نصیر احمد انجم صاحب مدیر ماہنامہ انصاراللہ

(صدر مجلس انصاراللہ پاکستان ربوہ)

مشعل راہ

ذکر الٰہی کے عادی بن جائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

آج کل دوست مجھ خط لکھ رہے ہیں کیونکہ بہت سی جماعتوں میں دعوت الی اللہ کا ایسا رجحان پیدا ہو گیا ہے کہ کثرت سے لوگوں نے وعدے کئے ہیں کہ ہم اتنے احمدی ضرور بنائیں گے۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے ان کی توفیق سے بہت بڑھ کر سابق سالوں میں اپنے وعدے پورے کرنے کی توفیق عطا فرمائی نتیجہ یہ نکلا کہ اب انہوں نے اور بھی بڑھا چڑھا کر وعدے کر لئے ہیں کہ جی اللہ پہ توکل ہے اور اس توکل کی ایک بنا ہے۔ پہلے جب انہوں نے وعدے کئے تھے تو ان وعدوں کے مطابق محنت کی تھی اور محنت سے آگے جو بات پڑی ہوئی تھی، جو ان کی محنت کی حد سے باہر تھی وہ خدا نے ان کو پہنچا دی، اپنے فضل سے عطا کر دی تو ان کا حق ہے کہ بڑھ چڑھ کر وعدے کریں۔ جو طاقت ہے وہ محنت کر رہے ہیں اور پھر لکھتے ہیں کہ باقی دعا سے کمی پوری ہو گی اور بعض لوگ ہیں جو دعا کے لئے لکھ رہے ہیں لیکن ساتھ محنت کوئی نہیں۔ تو میں یہ سمجھانا چاہتا ہوں کہ اگر خدا ایک زمیندار کی کھیتی میں دعاؤں کی برکت سے عام دنیا کے قانون سے ہٹ کر غیر معمولی برکت دے سکتا ہے، اگر ایک احمدی تاجر کی تجارت میں اس کی دعا اور ذکر الٰہی کی برکت سے غیر معمولی برکت ڈال سکتا ہے تو وہ اپنے کام میں کیوں برکت نہیں ڈالے گا۔ یہ زراع تو وہ ہیں جو اس کی کھیتی لگا رہے ہیں، اس کے بیج بو رہے ہیں۔ پس ذکر الٰہی کے ساتھ یہ بیج بوؤ اور محنت کرو اور پھر دعائیں کرو تو ہرگز بعید نہیں کہ جن باتوں کا تم تصور بھی نہیں کر سکتے تھے، جن اعداد و شمار کو پورا کرنے کا تم تصور بھی نہیں کر سکتے تھے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان سے بڑھ کر تمہیں عطا کر دے۔ اور گزشتہ سالوں میں بہت سے ایسے ممالک ہیں جہاں اخلاص کے ساتھ یہ وعدے کئے گئے اور محنت کی گئی اور ان سب کی توقعات سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا۔ پس ذکر الٰہی کا اس مضمون سے بھی بڑا گہرا تعلق ہے۔ اپنی دعوت الی اللہ کو ذکر الٰہی سے معمور کر دیں اور یہ بھی یاد رکھیں کہ ذکر الٰہی صرف ایک غرض کی خاطر موقع پر نہیں کیا جاتا بلکہ ذکر الٰہی ہر موقع پر خود داخل ہو جاتا ہے۔ اگر اس کے فرق کو آپ نے نہ سمجھا تو آپ غلط رستے پر چل پڑیں گے۔ اس لئے ذکر الٰہی نہیں کرنا کہ کھیت بڑھیں بلکہ اصل بات مولوی صاحب کی یہ تھی کہ ان کو عادت تھی نفل پڑھنے کی اور وہ رہ نہیں سکتے تھے نفل کے بغیر۔ میں نے بھی ان کے ساتھ کچھ سفر کر کے دیکھے ہیں بے حد دعا گو اور نفل پڑھنے والے بزرگ تھے۔ تو کھیتوں میں جاتے تھے، کھیت دیکھتے تھے، ساتھ چلو اچھا وقت ملا ہے تھوڑا سا، دو نفل ہی پڑھ لیں تو ان معنوں میں جب نفل پڑھتے تھے تو کھیتی پر بھی رحم آ جاتا تھا، اس کے لئے بھی دعائیں مانگ لیتے تھے۔ تو یہ تو نہیں تھا کہ تجارت کی خاطر خدا کو یاد کیا گیا ہے جس کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے ذکر فرمایا ہے ایسا شخص مراد نہیں ہے۔ فرمایا ہے ذکر الٰہی ایسا اس پر غالب ہے کہ جب توجہات کو بازار اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اس وقت بھی ذکر الٰہی اس پر قبضہ کئے رہتا ہے اور بار بار چھین کر بازار سے ان توجہات کو اپنی طرف کر لیتا ہے۔ ایسا شخص جب ذکر الٰہی کرتا ہے پھر تجارت کے لئے بھی دعا دل سے نکل ہی جاتی ہے اور اگر نہ بھی نکلے تو ایسے شخص کی دعا بعض دفعہ اس کی ضرورت ہی بن جاتی ہے۔ اور بسا اوقات ایسا دیکھا گیا ہے کہ ایک شخص جو اللہ تعالیٰ سے پیار کرنے والا ہو اس کی ضرورت خود دعا بن جاتی ہے۔ وہ لفظوں میں اس کو ڈھالے یا نہ ڈھالے۔

پس ایسے ذکر الٰہی کے عادی بن جائیں کہ آپ کی ضرورتیں آپ کی دعا بن جائیں۔ آپ کے بازار زندہ ہو جائیں آپ کے کھیتوں میں نئی زندگی دکھائی دینے لگے جو آسمان سے اترتی ہے اور ہر احمدی کے ہر کام میں برکت پڑے گی اور یہ ذکر الٰہی کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

(الفضل 22 جولائی 2003ء)

تجھے لاکھ لاکھ سلام ہیں

کسے ہجرتوں کا ملال ہے   کسے فرقتوں کا خیال ہے
جو گزر گئی تری یاد میں   وہی شام شامِ وصال ہے
ترا نام ہے ابھی زیرِ لب   یہ فضا ابھی سے گلاب ہے
یہ بھی جانتی ہے مری طرح   ترا نام لینا ثواب ہے
یہ گماں نہیں ہے یقین ہے   یہی دن تو وجہ قرار ہیں
تری یاد میں جو گزر گئے   وہ عبادتوں میں شمار ہیں
تری بات کیسے نہ میں کروں   کہ یہی تو اصل حیات ہے
ترا لفظ لفظ ہے اس طرح   کہ ہزار باتوں کی بات ہے
یہ تری نگاہ کا فیض ہے   جو تھے خار زار چمن ہوئے
جنہیں بولنے کا ہنر نہ تھا   وہی لوگ اہل سخن ہوئے
مرے پیشوا، مرے رہنما   کبھی اذن ہو تو میں جھوم لوں
ترے پاؤں نے جسے چھو لیا   وہ زمین جا کے میں چوم لوں
مرے پیشوا، مرے راہنما   تجھے چاہنے سے خدا ملے
مگر آجکل مرے شہر میں   بڑی سخت اس پہ سزا ملے
تجھے چاہنا ہے خطا اگر   مجھے جرم اپنا قبول ہے
کہ سنا ہے کوچۂ یار تک   لگے خار جو، وہی پھول ہے
ترے واسطے یہ جہاں بنے   تری عظمتوں کا میں کیا کہوں
تجھے چاہتا ہے خدا مرا   ترے مرتبوں کا میں کیا کہوں
مرے خواب ہیں ترے واسطے   مری چاہتیں ترے نام ہیں
میں قدم قدم پہ یہی کہوں   تجھے لاکھ لاکھ سلام ہیں

مبارک صدیقی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چوتھے خلیفہ راشد

حضرت علیؓ کا صبر، حلم اور بردباری

آپ کی شجاعت اور حلم ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر چلتے تھے

عبدالسمیع خان

خلیفہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک ہمہ گیر شخصیت اور اپنے آقا و مطاع کی چلتی پھرتی تصویر تھے۔ آپ ان مردان خدا میں سے ہیں جنہوں نے تاریخ عالم میں شجاعت کی صفت میں غیر معمولی نام پایا ہے اور عام طور پر سیرت نگاروں اور مؤرخین نے اتنی شدت اور شرح و بسط سے آپ کی بہادری اور شجاعت کا ذکر کیا ہے کہ آپ کی بعض دیگر ارفع و اعلیٰ صفات کا تذکرہ دب کر رہ جاتا ہے۔ انہی میں سے صبر اور حلم اور تحمل اور بردباری کے اوصاف بھی ہیں۔ جو اپنی پوری شان اور تمام دلآویز رنگوں کے ساتھ حضرت علیؓ کے وجود میں ظاہر ہوئے اور ان تمام صفات کے مابین ایک ایسا حسین توازن تھا جو ہر افراط اور تفریط کے داغ سے کلیۃً پاک تھا۔ اس امتزاج کی کلید رضائے باری تعالیٰ کا وہ لافانی جذبہ تھا جو حضرت اقدس محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہؓ کے دل میں پیدا کر دیا تھا۔

شجاعت اور حلم

سب سے پہلا قابل توجہ امر یہ ہے کہ سطحی نظر سے شجاعت اور حلم متقابل صفات نظر آتی ہیں جن میں سے ایک صفت دوسری کو مٹا کر اس کی جگہ لیتی ہے مگر شریعت حقہ پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں ہرگز کوئی تضاد نہیں بلکہ گہرا رحمی تعلق ہے۔ کیونکہ یہ دونوں ایک ہی منبع سے پھوٹنے والی دو شاخیں اور ایک ہی تصویر کے دو رخ ہیں۔

اس راز کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ان صفات کی حقیقت اور عملی مناظر پر کسی قدر روشنی ڈالی جائے۔

کلام اللہ نے شجاعت کی تعریف یہ کی ہے کہ شدید طوفانوں اور سخت تکالیف (خواہ وہ نفس امارہ کی طرف سے ہوں یا کسی بیرونی دشمن کی طرف سے ہوں) کا خدا کی خاطر صبر اور استقامت سے مقابلہ کرنا ہے۔ ایسے بہادروں کی شجاعت میں کوئی ریاکاری اور خود بینی نہیں ہوتی اور نہ نفس کی پیروی شامل ہوتی ہے بلکہ محض خدا کی رضا کی خواہش اور اس کے احکام کی بجا آوری مقصود ہوتی ہے۔ سیدنا حضرت مسیح موعود اس فلسفہ کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’حقیقی شجاعت کی جڑ صبر اور ثابت قدمی ہے اور ہر ایک جذبہ نفسانی یا بلا جو دشمنوں کی طرح حملہ کرے اس کے مقابلہ پر ثابت قدم رہنا اور بزدل ہو کر بھاگ نہ جانا یہی شجاعت ہے۔ سو انسان اور درندہ کی شجاعت میں بڑا فرق ہے۔ درندہ ایک ہی پہلو پر جوش اور غضب سے کام لیتا ہے اور انسان جو حقیقی شجاعت رکھتا ہے وہ مقابلہ اور ترک مقابلہ میں جو کچھ قرین مصلحت ہو وہ اختیار کر لیتا ہے۔‘‘

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 359)

پس انسان جب خدا کی خاطر دشمن کا مقابلہ کرتا ہے تو وہ شجاع کہلاتا ہے اور جب محض رضائے باری تعالیٰ کے لئے مقابلہ سے دستبردار ہو جاتا ہے اور صبر اور عفو کا مظاہرہ کرتا ہے تو وہ صابر اور حلیم اور بردبار کہلاتا ہے۔

اس مضمون کی تائید آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد مبارک سے ہوتی ہے کہ:۔

بہادر محض وہ نہیں جو مقابلہ کے وقت دوسرے کو نیچا دکھا دے بلکہ اصلی بہادر تو وہ ہے جو شدید غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب الحذر من الغضب)

اس لحاظ سے سب سے بڑے شجاع اور صابر خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے جن کا ہر خلق پورے شعور کے ساتھ شریعت کے تمام تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے موقع و محل کے مطابق صادر ہوتا تھا۔

اسی اصول کو سامنے رکھتے ہوئے حضرت عائشہؓ نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا کیا پیارا نقشہ کھینچا ہے۔ فرماتی ہیں:۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات کے لئے کبھی کسی سے انتقام نہیں لیا لیکن اگر خدا تعالیٰ کی قائم کردہ کسی چیز کی حرمت پامال کی جاتی تھی تو پھر محض خدا کی خاطر انتقام لیتے تھے

(صحیح بخاری کتاب الادب باب یسروا ولا تعسروا)

حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اسی وجود کا آئینہ اور اسی مدرسہ کے بلند پایہ صاحب عرفان طالب علم تھے۔ آپ کی ہستی کا تمام تر مدار مرضی مولیٰ پر تھا۔ شجاعت دکھائی تو اسی کی خاطر اور حلم کے پھول برسائے تو اسی کے نام پر۔ آپ کی سیرت کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میدان جنگ ہو یا امن، آپ کی شجاعت اور حلم ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر چلتے تھے اور کہیں کوئی ٹکراؤ اور تصادم نظر نہیں آتا۔ ان دونوں رنگوں کا ایک خوبصورت امتزاج ذیل کے واقعہ میں پوری رعنائی کے ساتھ نظر آتا ہے جو حضرت مسیح موعود نے بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں:۔

’’لکھا ہے کہ حضرت علیؓ کی ایک کافر پہلوان سے جنگ شروع ہوئی۔ بار بار اس کو قابو کرتے تھے وہ قابو سے نکل جاتا تھا۔ آخر اس کو پکڑ کر اچھی طرح سے جب قابو کیا اور اس کی چھاتی پر سوار ہو گئے اور قریب تھا کہ خنجر کے ساتھ اس کا کام تمام کر دیتے کہ اس نے نیچے سے آپ کے منہ پر تھوک دیا۔ جب اس نے ایسا فعل کیا تو حضرت علیؓ اس کی چھاتی سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اس کو چھوڑ دیا اور الگ ہو گئے۔ اس پر اس نے تعجب کیا اور حضرت علیؓ سے پوچھا کہ آپ نے اس قدر تکلیف کے ساتھ پکڑا اور میں آپ کا جانی دشمن ہوں اور خون کا پیاسا ہوں پھر باوجود ایسا قابو پا چکنے کے آپ نے مجھے اب چھوڑ دیا یہ کیا بات ہے؟

حضرت علیؓ نے جواب دیا کہ بات یہ ہے کہ ہماری تمہارے ساتھ کوئی ذاتی عداوت نہیں۔ چونکہ تم دین کی مخالفت کے سبب مسلمانوں کو دکھ دیتے ہو۔ اس واسطے تم واجب القتل ہو اور میں محض دینی ضرورت کے سبب تم کو پکڑتا تھا۔ لیکن جب تم نے میرے منہ پر تھوک دیا اور اس پر مجھے غصہ آیا تو میں نے خیال کیا کہ یہ اب نفسانی بات درمیان میں آ گئی ہے اب اس کو کچھ کہنا جائز نہیں تا کہ ہمارا کوئی کام نفس کے واسطے نہ ہو۔ جو ہو سب اللہ تعالیٰ کے واسطے ہو۔ جب میری اس حالت میں تغیر آئے گا اور یہ غصہ دور ہو جائے گا تو پھر وہی سلوک تم سے کیا جائے گا۔

اس بات کو سن کر کافر کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ تمام کفر اس کے دل سے خارج ہو گیا اور اس نے سوچا کہ اس سے بڑھ کر اور کون سا دین دنیا میں اچھا ہو سکتا ہے جس کی تعلیم کے اثر سے انسان ایسا پاک نفس بن جاتا ہے۔ پس اس نے اسی وقت توبہ کی اور مسلمان ہو گیا‘‘۔ (ملفوظات جلد 5 ص 171)

حضرت مولانا رومؒ اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

تیغ حلم از تیغ آہن تیز تر
بل ز صد لشکر ظفر انگیز تر

(حکایات رومی ص 57)

یعنی حلم کی تلوار لوہے کی تلوار سے زیادہ تیز اور فتح و کامرانی کے میدان میں سو لشکروں سے بڑھ کر ہے۔

خدا کے لئے بہادری

بلاشبہ آپ نے ہر موقع پر بہادری کے بے نظیر جوہر دکھائے مگر آپ کی یہ شجاعت اور بہادری خالصۃً للہ تھی۔ آپ کو اپنے نفس پر پورا قابو حاصل تھا اور جب اور جس موقع پر بھی آپ کو خیال پیدا ہوتا کہ اس وقت میرے اس فعل میں نفس کی ملونی کا اشتباہ ہے تو فوراً اپنا ہاتھ روک لیتے خواہ آپ کو اس کے نتیجہ میں کتنے ہی خطرناک حالات سے دوچار ہونا پڑتا۔

جنگوں میں کتنی ہی دفعہ حضرت علیؓ کو یہ موقع ملا کہ وہ دشمن کو موت کے گھاٹ اتار دیں اور ایسے وقت میں نفسانی جذبات خوب ہجوم کرتے ہیں مگر انہوں نے ہمیشہ ان جذبات کا قلع قمع کیا اور خدا کی خاطر حلم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کو زندگی بخش دی۔

جنگ احد میں حضرت مصعب بن عمیرؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم بردار تھے۔ شدید گھمسان کی لڑائی میں وہ شہید ہو گئے تو حضرت علیؓ نے آگے بڑھ کر علم سنبھالا اور بے جگری کے ساتھ داد شجاعت دی۔ مشرکین کے علم بردار ابو سعد بن ابی طلحہ نے آپ کو مقابلہ کے لئے للکارا۔ شیر خدا نے آگے بڑھ کر ایسا ہاتھ مارا کہ فرش خاک پر تڑپنے لگا اور لجاجت کے ساتھ زندگی کی بھیک مانگنے لگا۔ دشمن کی اس کیفیت پر حضرت علیؓ کو رحم آ گیا اور وہ اسے زندہ چھوڑ کر واپس چلے آئے۔

(اسد اللہ ص 166)

ایک ایسا ہی واقعہ جنگ جمل میں بھی پیش آیا۔ جب آپ نے پوری جرأت کے ساتھ ایک مخالف پر ایسا زبردست وار کیا کہ اس کا سلامت بچنا ممکن نہیں تھا۔ جس کے نتیجہ میں وہ ایسی بدحواسی کے ساتھ گھوڑے سے گرا کہ بالکل برہنہ ہو گیا۔ فاتح خیبر نے اپنے جانی دشمن کو اس حال میں دیکھ کر منہ پھیر لیا اور کوئی تعرض کئے بغیر واپس ہو گئے۔

(سیر الصحابہؓ جلد اول ص 282)

حضرت علیؓ کا عہد خلافت قریباً سارے کا سارا بڑی افراتفری اور خانہ جنگیوں کے عالم میں گزرا۔ تین بڑی جنگیں تو اندرونی مخالفین کے ساتھ لڑنا پڑیں۔ غیر اقوام کے مفتوحہ علاقوں میں بھی پے درپے فتنے پیدا ہوتے رہے اور امن کے پرندے پرواز کر گئے۔ ان حالات میں کوئی اور ہوتا تو اپنے حواس کھو بیٹھتا۔

مگر وہ عالی شان وجود جسے خدا نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت کے لئے چنا تھا وہ ہمہ وقت خدا اور اس کے رسولؐ کی مرضی کو پورا کرنے میں لگا رہا اور شجاعت اور بہادری کے ساتھ صبر و تحمل اور عفو و درگزر کے وہ نظارے دکھائی دیئے جو رہتی دنیا تک یادگار رہیں گے۔ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ آپ کی تعریف میں فرماتے ہیں:۔

کان صبوراً ومن الصالحین

(سر الخلافہ ص 30)

آپ بڑے صابر اور اللہ تعالیٰ کے صالح بندے تھے۔

امن اور صلح کو ترجیح

حضرت علیؓ جنگ اور اس کی ہولناکیوں سے خوب واقف تھے اور آپ کے ارشادات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ امن اور صلح کو ہی ترجیح دیتے تھے اور جنگ کو

بحالت مجبوری ہی اختیار کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے کبھی کسی کے ساتھ جنگ کا آغاز نہیں کیا۔ اپنے صاحبزادے حضرت حسنؓ کو ایک دفعہ ان الفاظ میں نصیحت فرمائی۔

کبھی جنگ کی دعوت نہ دینا لیکن اگر تمہیں جنگ کی طرف بلایا جائے تو گریز بھی نہ کرنا۔ کیونکہ جنگ کی طرف دعوت دینے والا ظالم ہے اور ظالم کا انجام ہمیشہ ہلاکت ہے۔ (حضرت علیؓ ص23)

چنانچہ اہل بصرہ نے حضرت علیؓ کے خلاف ہتھیار اٹھائے تو حضرت علیؓ نے ان کے متعلق فرمایا:۔

میرا مقصد صرف یہ ہے کہ میں اصلاح کی کوشش کروں۔ اگر اہل بصرہ باز آگئے تو میرا مقصد پورا ہو گیا۔ لیکن اگر انہوں نے کج اختیار کی اور اپنی ضد پر قائم رہے تو بھی ہم ان کے ساتھ نرمی اور محبت سے پیش آئیں گے اور لڑائی سے اس وقت تک گریز کریں گے جب تک وہ ظلم اور لڑائی کی ابتداء نہ کریں۔ ہم اصلاح کا کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں گے اور ہر حال میں فساد کے مقابلہ میں اصلاح کو ترجیح دیں گے۔ (خلفائے محمدؐ مترجم ص54)

ایسے الفاظ اسی شخص کے منہ سے نکل سکتے ہیں جو مغلوب الغضب نہ ہو، صلح اور محبت کا دلدادہ ہو، فساد کا دشمن ہو اور اپنے دشمنوں کے خلاف نفرت اور انتقام کے جذبات سے یکسر مبرا ہو۔ قرآن کریم کا یہ اعلان کتنا دلآویز ہے۔

بدی کا بدلہ اتنی ہی بدی ہوتی ہے اور جو معاف کرے اور اصلاح کو مدنظر رکھے تو اس کو بدلہ دینا اللہ کے ذمہ ہوتا ہے۔ (سورۃ الشوریٰ آیت 41)

پس آپ حتی الامکان صبر سے کام لیتے، صلح اور امن کو ترجیح دیتے اور جب مجبوراً جنگ کے میدان میں اترنا ہی پڑتا تو اعلیٰ انسانی قدروں کو کبھی فراموش نہ ہونے دیتے اور دشمن کے ساتھ ہر ممکن رحم اور ہمدردی کا برتاؤ کرتے۔

صلح کی پیشکش

حضرت علیؓ کے ساتھ جو لوگ جنگ صفین میں موجود تھے ان میں سے ایک شخص کا بیان ہے کہ صفین پہنچ کر ہم نے دیکھا کہ حضرت معاویہ کا لشکر ایک کھلے ہموار میدان میں خیمہ زن ہے اور اس نے پانی کے گھاٹ پر قبضہ کر رکھا ہے۔ دشمن نے یہ تہیہ کر لیا تھا کہ وہ ہمیں پانی حاصل نہ کرنے دے گا۔ ہم پریشان ہو کر حضرت علیؓ کے پاس آئے اور صورت حال بیان کی۔ امیرالمومنین نے صعصعہ بن صوحان کو بلا کر حکم دیا کہ معاویہ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ ہم تمہارے مقابلہ کے لئے آئے ہیں مگر اتمام حجت سے پہلے جنگ کرنا پسند نہیں کرتے۔ اس کے برعکس تمہارا رویہ یہ رہا ہے کہ اپنی سوار اور پیدل فوج لے کر چڑھ آئے اور ہم سے جنگ کا آغاز کر دیا۔ ہم اب بھی جنگ پسند نہیں کرتے اور پہلے اتمام حجت ضروری سمجھتے ہیں۔ ہمیں پانی سے محروم کر کے تم نے یہ دوسرا اقدام کیا ہے تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ لوگ پانی پینے سے باز نہیں رہ سکتے۔ اس لئے اپنے آدمیوں کو حکم دو کہ گھاٹ خالی کر دیں اور اس وقت تک کوئی قدم نہ اٹھائیں جب تک ہم دونوں اختلافی مسائل پر غور و فکر اور تبادلہ خیال نہ کر لیں۔

حضرت معاویہ نے اس سلسلہ میں اپنے رفقاء سے مشورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علیؓ کی طرف سے گفتگوئے صلح کی پیشکش کو اہمیت دیئے بغیر گھاٹ پر قبضہ جاری رکھا جائے۔ چنانچہ گھاٹ پر جو دستہ قابض تھا اسے مزید کمک پہنچا دی گئی اور حضرت علیؓ کے آدمیوں پر بندش اور سخت کر دی گئی۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ گھاٹ پر جنگ چھڑ گئی اور تھوڑی دیر کی تیراندازی، نیزہ بازی اور تیغ آزمائی کے بعد حضرت علیؓ کی فوج نے گھاٹ پر قبضہ کر لیا۔

یہ ایک بڑا سنہری موقع تھا۔ اب اگر حضرت علیؓ چاہتے تو اس موقع سے فائدہ اٹھا کر دشمن کو پانی کی بوند بوند کے لئے ترسا دیتے اور کچھ لوگوں نے ان کے پاس آکر کہا کہ ہم دشمن کو پانی نہیں پینے دیں گے مگر اس وقت حضرت علیؓ نے مدمقابل کے سفیر کا فریضہ سرانجام دیا اور اپنے آدمیوں کو تلقین کرتے ہوئے فرمایا:۔

تم اپنی ضرورت کے مطابق پانی لے کر اپنی فوج میں واپس چلے آؤ۔ دشمن اگر پانی لینے آئے تو اسے نہ روکو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں دشمن کے ظلم و جور کے باعث ہی تو فتح سے ہمکنار کیا ہے۔

(کامل ابن اثیر جلد3 ص283)

یہاں پر یہ دلچسپ امر قابل ذکر ہے کہ پانی کے گھاٹ پر حضرت علیؓ کے قبضہ کے بعد جب مخالف کیمپ میں پانی کے حصول کے متعلق اندیشے ظاہر کئے جا رہے تھے اس وقت بھی حضرت علیؓ کے حلم و کرم پر نظر کرتے ہوئے لشکر معاویہ کے ایک سرکردہ لیڈر حضرت عمرو بن العاصؓ نے کہا:۔

"میرا خیال ہے کہ وہ ہمیں پانی لینے سے ہرگز نہیں روکیں گے"۔

ان کا یہ خیال بالکل درست نکلا۔ جب ان کے آدمی پانی لینے آئے تو حضرت علیؓ نے فرمایا:۔

"ہمارا دین اور ہمارا خلق ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ ہم اپنے دشمنوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک کریں جیسا انہوں نے ہم سے کیا تھا"۔

(خلفائے محمدؐ ص95)

حضرت علیؓ کے اس حسن خلق کا نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں فوجیں ایک ساتھ دریا سے سیراب ہونے لگیں اور باہم اس قدر اختلاط پیدا ہو گیا کہ دونوں کیمپوں کے سپاہیوں میں دوستانہ آمدورفت شروع ہو گئی۔ یہاں تک کہ بعض لوگوں کو خیال ہوا کہ اب باہم صلح ہو جائے گی۔ (سیر الصحابہ جلد اول ص279)

عالی ظرفی کا مظاہرہ

اسی قسم کا موقع حضرت علیؓ کو اہل بصرہ سے جنگ کے وقت بھی ہاتھ آیا تھا مگر انہوں نے اس وقت بھی عالی ظرفی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے اپنے آدمیوں کو ناراض کر دیا مگر دشمن کو اپنے کرم سے محروم نہیں رکھا۔ (حضرت علیؓ ص47)

بعض غلط فہمیاں

حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ کے درمیان بعض غلط فہمیوں کی وجہ سے ہونے والی لڑائی جنگ جمل کے نام سے مشہور ہے۔ جنگ سے پہلے حضرت علیؓ تین دن تک فریق مخالف کو صلح کی دعوت دیتے رہے۔ مگر بعض غلط کاروں کی خفیہ ریشہ دوانیوں کی وجہ سے ایسا ممکن نہ ہو سکا اور جنگ ناگزیر ہو گئی تو حضرت علیؓ نے وضو کیا۔ دو رکعت نماز ادا کی اور خوب دعا کی۔ پھر اپنے ساتھیوں کو نصیحت کی کہ جنگ شروع کرنے میں ہرگز پہل نہ کی جائے اور جب مدمقابل پر غالب آجاؤ تو بھاگنے والوں کا ہرگز تعاقب نہ کرنا اور ان کے زخمیوں کو قتل نہ کرنا۔

فتح کے بعد حسن سلوک

جنگ میں فتح حاصل کرنے کے بعد بھی آپ نے عام منادی کرائی کہ بھاگنے والوں کا پیچھا نہ کیا جائے، زخمیوں کے اوپر گھوڑے نہ دوڑائے جائیں، مال غنیمت نہ لوٹا جائے، جو ہتھیار ڈال دے اس کو امان دی جاتی ہے اور جو گھر کے دروازے بند کر کے بیٹھ جائے اس کو بھی امان دی جاتی ہے۔

حضرت علی بن حسینؓ فرماتے ہیں کہ میں مروان بن حکم کے پاس گیا تو اس نے کہا کہ:۔

میں نے تمہارے نانا جیسا کوئی نہیں دیکھا جس نے غلبہ پالینے کے بعد بھی انتہائی شرافت کا معاملہ کیا ہو۔ جب ہم جنگ جمل میں پیٹھ دکھا کر بھاگے تو ان کے منادی نے باآواز بلند اعلان کیا کہ بھاگنے والوں کو مارا نہ جائے اور زخمی کو قتل نہ کیا جائے۔

(سنن بیہقی جلد8 ص180)

آپ کی عام تاکید یہ بھی تھی کہ کسی کی عزت و آبرو پر ہاتھ نہ ڈالا جائے۔ آپ کے دور میں مسلمانوں کے ساتھ جو جنگیں ہوئیں آپ نے کبھی بھی اپنے ساتھیوں کو یہ اجازت نہیں دی کہ وہ دشمن کے کسی فرد کو جنگی قیدی بنائیں یا ان کے اموال کو غنیمت کے طور پر قبضہ میں لیں۔ بلکہ جنگ کے بعد حکم دیتے کہ مخالفین جو کچھ چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں وہ جمع کیا جائے پھر دشمن کے لئے منادی کراتے کہ آئیں اور اپنی چیزیں پہچان کر لے جائیں۔ (علی والنبوۃ مترجم ص59)

جب حضرت علیؓ کے ساتھی کہتے کہ جب ان لوگوں کا خون ہمارے لئے حلال ہے تو مال کیوں حلال نہیں تو آپ فرماتے:۔

وہ بھی تم ہی جیسے لوگ ہیں جس نے درگزر کیا وہ ہمارا ہے اور ہم اس کے ہیں اور جس نے ایسا نہیں کیا اور ہم سے جنگ کرتے ہوئے زخمی ہو گیا تو اس کی حفاظت کے لئے میں سپر کا کام کروں گا۔

(حضرت علیؓ ص47)

ایک اور موقع پر آپ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا:

ان لوگوں کو قید کرنا اور ان کے اموال لوٹنا ہرگز جائز نہیں جو ایک خدا کا اقرار کرتے ہیں۔ تمہارے لئے صرف ان کے ہتھیار اور جنگی سواریاں جائز ہیں۔

خوارج کو حضرت علیؓ سے جو شکوے تھے ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ وہ کسی کو قیدی بنانے اور مال لوٹنے کی اجازت نہیں دیتے۔

فرمایا کرتے تھے کہ میں اپنے بھائیوں کو قتل کرنا اور ان کے خون سے اپنے ہاتھ رنگنا نہیں چاہتا۔

جنگ صفین کے بعد ایک قیدی آپ کے پاس لایا گیا تو آپ نے اسے آزاد کر دیا اور فرمایا میں تمہارے معاملہ میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب فریقین میں جنگ جاری تھی اور ایک ایک فرد دونوں لشکروں کے لئے بہت قیمتی تھا۔

حضرت علیؓ دشمن کو اسی وقت تک دشمن تصور کرتے جب تک اس کے ہاتھ میں تلوار ہوتی۔ انہوں نے کبھی کسی عورت، کسی مفرور، کسی مجروح اور مقتول کو اپنا دشمن نہیں سمجھا۔ خواہ وہ ان کے خلاف لڑتے ہوئے ہی کیوں نہ مارا گیا ہو۔ دشمن مقتولین کی قبروں پر کھڑے ہو کر آنسو بہاتے اور ان کے لئے دعائے مغفرت کرتے۔

جنگ جمل میں طرفین کے جو لوگ کام آئے حضرت علیؓ نے ان سب کی بلا امتیاز نماز جنازہ پڑھی اور نماز جنازہ کے بعد اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ وہ عزت و احترام سے سب کی تدفین کا انتظام کریں۔

(خلفائے محمدؐ ص63)

مقتولوں کا مثلہ کرنے سے منع کرتے اور فرماتے میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ تم کاٹنے والے کتے کا بھی مثلہ نہ کرو۔ (حضرت علیؓ ص152)

روحانی انقلاب کی نوید

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

"میں تمام جماعت کو جو کہ یہاں موجود ہے اور پوری دنیا کو کامل یقین کے ساتھ یہ کہتا ہوں کہ آئندہ پچیس تیس سال کے اندر دنیا میں ایک عظیم الشان تغیر پیدا ہونے والا ہے۔ وہ دن قریب ہیں جب دنیا کے بہت سے ممالک کی اکثریت (دین) کو قبول کر چکی ہوگی اور دنیا کی سب طاقتیں اور ملک بھی اس آنے والے روحانی انقلاب کو روک نہیں سکتے۔ ...... یہ دن یقیناً آنے والے ہیں۔

لیکن یہ پیش خبریاں ہم پر بھی کچھ ذمہ داریاں عائد کرتی ہیں جنہیں بہرحال ہمیں نے پورا کرنا ہے۔ ہمیں عظیم قربانیاں دینی ہوں گی۔ جب ہم اپنا سب کچھ خدا کی راہ میں قربان کر دیں گے تب خدا کہے گا کہ میں اپنا کچھ کیوں بچا کر رکھوں، میں بھی اپنی سب برکتیں تمہیں دیتا ہوں اور جب ایسی حالت ہو جائے تو پھر خود سوچ لو کہ ہمارے لئے کیا کمی رہ جائے گی"۔

(خطابات جلسہ سالانہ 1965ء بحوالہ جلسہ سالانہ کی دعائیں صفحہ 3,4)

مکرم محمد افضل متین صاحب

قرض کے متعلق حسین تعلیم

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جو لین دین،قرض اور دوسری ذمہ داریوں کے ادا کرنے میں بہت اچھا ہے۔ (ابن ماجہ)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا استطاعت رکھنے والے کا (جبکہ سب کچھ موجود ہو) قرض ادا نہ کرنا اور ٹال مٹول سے کام لینا ظلم ہے۔ (بخاری کتاب الحوالہ)

حضرت ابوقتادہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک جنازہ لایا گیا۔آپؐ نے فرمایا اپنے ساتھی کی نماز پڑھ لو کیونکہ وہ قرض دار ہے۔میں نماز جنازہ نہیں پڑھوں گا۔اس پر ابوقتادہؓ نے عرض کی کہ میں اس کے قرض کا ضامن ہوتا ہوں۔آپؐ نے فرمایا کیا تم پورا قرض ادا کرو گے۔ابوقتادہؓ نے عرض کی جی ہاں میں اس کا پورا قرض ادا کروں گا۔اس میت کے ذمہ 18 یا 19 درہم ہیں۔(اس پر آپؐ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی) (ابن ماجہ)

حضرت محمد بن جحشؓ بیان کرتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے تو آپؐ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اٹھایا پھر اپنی ہتھیلی اپنی پیشانی پر رکھی اور فرمایا یعنی سبحان اللہ کتنی سخت سزا نازل ہوئی ہے۔ہم یہ منظر دیکھ کر خاموش ہوگئے اور ڈر گئے۔

پھر جب اگلا دن آیا تو میں نے آنحضور ﷺ سے پوچھا کونسی سخت سزا نازل ہوئی ہے۔فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر ایک شخص اللہ کے رستہ میں مارا جائے پھر زندہ کیا جائے پھر مارا جائے پھر زندہ کیا جائے پھر مارا جائے اور اس پر کچھ قرض قابل ادا ہو تو اس کی ادائیگی تک وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔ (سنن نسائی)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص آیا اس وقت آنحضور ﷺ منبر پر خطاب فرما رہے تھے اس نے سوال کیا کہ اگر میں اللہ کے راستہ میں صبر دکھاتے ہوئے ثواب کی نیت سے، پیٹھ نہ دکھاتے ہوئے جنگ کرتے کرتے مارا جاؤں تو کیا اللہ تعالیٰ میرے سارے گناہ معاف فرمادے گا۔آپؐ نے فرمایا ہاں۔ پھر آپ کچھ دیر خاموش رہے اور پوچھا کہ وہ سائل کہاں ہے۔اس نے کہا میں ہوں۔فرمایا تو نے کیا پوچھا تھا اس نے دوبارہ اپنا سوال دوہرایا تو آپؐ نے فرمایا۔ابھی جبرائیل نے مجھے سرگوشی کرکے بتایا ہے کہ سب گناہ معاف ہو جائیں گے سوائے قرضے کے۔ (سنن نسائی)

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔قرض دار کو اگر قرض ادا کرنے کی طاقت ہو اور وہ ادا نہ کرے۔تو اس کی عزت حلال ہو گئی۔(یعنی حکام بالا تک اس کی شکایت جائز ہے)اور اسے سزا دلوانا جائز ہے۔ (صحیح بخاری ابن ماجہ)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن قرض کا بدلہ لیا جائے گا کہ اس کی نیکیاں قرض کے بدلے قرض خواہ کو دے دی جائیں گی۔مگر تین اس قسم کے قرضدار ہیں جن کا قرض ادا نہ ہونے کی صورت میں خدا خود ادا کرے گا۔

1۔اللہ کے رستہ میں جہاد کی غرض سے اور دشمن کے مقابل اپنی قوت بڑھانے کے لئے۔2۔جس کے پاس کوئی مسلمان مرجائے اور اسے کفنانے دفنانے کے لئے وہ قرض لے۔3۔وہ شخص جو بغیر نکاح کے پاک زندگی نہ گزار سکے وہ شادی کروانے کے لئے قرض لے۔ (ابن ماجہ)

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو اس نیت سے قرض لے کہ اسے (وقت مقررہ پر) واپس کردے گا۔تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا۔ (سنن نسائی)

ایک صحابی روایت کرتے ہیں کہ جنگ حنین پر جاتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے ان سے تیس یا چالیس ہزار قرض لئے پھر جب لوٹ کر آئے تو ان کا قرض ادا کیا اور دعا دی کہ بارك الله لك في اهلك و مالك اور ساتھ یہ نصیحت فرمائی کہ قرض حسنہ کا بدلہ یہ ہے کہ وقت مقررہ میں پورا قرض ادا کرے اور اس کا شکریہ ادا کرو اور دعا دے۔ (ابن ماجہ)

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ایک بدو آیا اور سختی اور بدزبانی کے ساتھ آنحضرت ﷺ سے اپنے قرض کا مطالبہ کیا۔صحابہؓ اسے ڈانٹنے لگے کہ تجھے معلوم نہیں کہ کس کے ساتھ بات کر رہا ہے۔وہ بولا میں اپنا حق مانگ رہا ہوں۔اس پر رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا تم قرض خواہ کی طرفداری کیوں نہیں کرتے کیونکہ وہ حق پر ہے پھر آپؐ نے خولہ بنت قیسؓ کو کہلا بھیجا کہ اگر تمہارے پاس کھجوریں ہوں تو میری کھجوریں آنے تک مجھے قرض دے دو۔اس نے کہا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان میری کھجوریں حاضر ہیں چنانچہ آپؐ نے بدو کا قرض واپس کردیا اور اسے بڑی محبت سے کھانا بھی کھلایا۔نیز آپؐ نے یہ بھی فرمایا۔کوئی امت اس وقت تک پاک نہیں ہوسکتی جب تک کہ اس کا کمزور ناتواں آدمی بغیر کسی تکلیف کے اپنا حق نہ لے سکے۔ (ابن ماجہ)

نبوت سے پہلے کا واقعہ ہے۔حضرت عبداللہ روایت کرتے ہیں۔میں نے آنحضور ﷺ سے سودا کیا اور میں آپؐ کو یہ وعدہ دے کر چلا گیا کہ آپؐ یہیں ٹھہریں میں آ کر حساب کر دیتا ہوں مگر وہ بھول گیا۔تین دن بعد جب آیا تو رسول اللہ ﷺ کو اسی جگہ پایا۔آپؐ نے اسے دیکھ کر فرمایا تو نے مجھے بہت تکلیف دی میں تین روز سے تمہارا یہاں انتظار کر رہا ہوں۔ (مشکوۃ)

قرض سے بچنے کی دعا

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا کہ اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں کفر سے اور قرضے سے۔

اس پر ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ کیا قرضہ کفر کے برابر ہوجاتا ہے آپؐ نے فرمایا۔ہاں (مسند احمد بن حنبل)

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ ان کے پاس ایک مکاتب غلام آیا اور مدد کرنے کی درخواست کی۔آپ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ بتاؤں جو مجھے آنحضرت ﷺ نے سکھائے تھے کہ اگر تجھ پر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے ادا کرنے کے سامان کردے گا۔تم یہ دعا مانگا کرو۔

اے اللہ تیرا حلال رزق میرے لئے کافی ہو جائے ہر حرام چیز پر اور اپنے فضل سے مجھے اپنے سوا ہر چیز سے بے نیاز اور مستغنی کردے۔ (ترمذی الدعوات)

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ نماز میں اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے میرے اللہ میں ہر گناہ اور قرض کے بوجھ اور چٹی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ایک شخص نے یہ سن کر رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ آپؐ کیوں قرض کے بوجھ سے بچنے کی دعا مانگتے ہیں۔آپؐ نے فرمایا جب آدمی قرض کے بوجھ میں دب جائے تو پھر جھوٹ بولنے لگتا ہے اور وعدہ خلافی کرتا ہے۔ (صحیح بخاری)

قرض دینے والے کو نصیحت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی تنگدست قرضدار کے لئے آسانی پیدا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے دنیا اور آخرت میں آسانی پیدا فرمادے گا۔ (ابن ماجہ)

حضرت ابویسرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو کوئی اس بات کو پسند کرے کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنا سایہ رحمت میں لے لے تو وہ تنگدست کو مہلت دے یا کچھ قرضہ معاف کردے۔(ابن ماجہ)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص جب فوت ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے پوچھا کہ کیا دنیا میں تو نے کبھی کوئی نیک کام کیا۔اس نے کہا نہیں۔سوائے اس کے کہ میں لوگوں کو قرض دیتا تھا اور جب قرض واپس کرنے کا وقت آتا تو اپنے غلام کو قرض دار کے پاس بھیجتا اور اسے نصیحت کرتا کہ اگر تو اسے تنگدست دیکھے تو جتنا میسر ہو لے لے اور جو اس کے پاس نہ ہو وہ چھوڑ دے اور معاف کردے۔شائد اسی بدلے اللہ ہمیں معاف کر دے اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔اے میرے بندے آج میں نے بھی تجھے معاف کردیا۔ (سنن نسائی)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس رات مجھے معراج ہوا میں نے جنت کے دروازے پر یہ لکھا ہوا دیکھا صدقہ دینے کا ثواب دس گنا ملے گا جبکہ قرض دینے کا ثواب اٹھارہ گنا ملے گا۔میں نے جبرائیل سے پوچھا یہ قرض کیوں صدقہ سے افضل ہے اس نے جواب دیا کہ صدقہ مانگنے والا مانگتا ہے جبکہ اس کے پاس بھی ہوتا ہے اور قرض لینے والا اس وقت مانگتا ہے جب اسے واقعتاً ضرورت ہوتی ہے۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی کسی کو قرض دے پھر قرضدار اسے تحفہ بھیجے یا جانور پر سوار کرے تو اسے سوار نہ ہونا چاہئے نہ ہی تحفہ لینا چاہئے البتہ جب پہلے سے ایسے تعلقات قائم ہوں تو پھر ٹھیک ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

ادائے قرضہ اور امانت کی واپسی میں بہت کم لوگ صادق نکلتے ہیں اور لوگ اس کی پرواہ نہیں کرتے۔حالانکہ یہ نہایت ضروری امر ہے حضرت رسول کریم ﷺ اس شخص کا جنازہ نہیں پڑھتے تھے۔جس پر قرضہ ہوتا تھا۔دیکھا جاتا ہے کہ جس التجا اور خلوص کے ساتھ لوگ قرض لیتے ہیں۔اسی طرح خندہ پیشانی کے ساتھ واپس نہیں کرتے بلکہ واپسی کے وقت ضرور کچھ نہ کچھ تنگی ترشی واقع ہوجاتی ہے۔ایمان کی سچائی اسی سے پہچانی جاتی ہے۔

(ملفوظات جلد نمبر 5 صفحہ 264)

ایک شخص نے حضرت اقدس سے عرض کیا مجھ پر بڑا قرض ہے دعا کیجئے۔فرمایا"توبہ استغفار کرتے رہو کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے جو استغفار کرتا ہے اسے رزق میں کشائش دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد نمبر 5 صفحہ 434)

ڈریکولا

1477ء میں رومانیہ کا ظالم بادشاہ ولاد چہارم فوت ہوا جو 1456ء میں برسراقتدار آیا تھا۔1461ء میں جب وہ اپنے عروج پر تھا، اس نے ہنگری کے ساتھ اتحاد قائم کیا اور ترک بلغاریہ پر حملہ کردیا۔وہاں اس نے تقریباً پچیس ہزار افراد کو ان کے جسموں میں میخیں ٹھونک کر ہلاک کیا۔

وہ انتہائی اذیت پسند بادشاہ تھا۔کہا جاتا ہے کہ انسانوں کا خون پیا کرتا تھا۔برام سٹوک کا مشہور کردار ڈریکولا اسی کی زندگی سامنے رکھ کر تخلیق کیا گیا۔1477ء میں جب وہ جلاوطنی کے عالم میں فوت ہوا تو پورے وسطی یورپ میں سکون کی لہر دوڑ گئی۔

مکرم صفوان احمد ملک صاحب

محنت اور ہاتھ کی کمائی کی عزت و عظمت

گداگری کا حکمت کے ساتھ قلع قمع کیا جائے

اگر ہم قرآنی تعلیمات پر صحیح معنوں میں عمل کرنے والے ہو جائیں تو روزمرّہ کے جھگڑوں اور خواہ مخواہ کی الجھنوں سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ اور ایک جنت نظیر معاشرے کا قیام عمل میں لا سکتے ہیں۔ اور یہ تبھی ممکن ہو سکتا ہے کہ ہم قرآن کریم کا بنظر عمیق مطالعہ کریں اور سیدالکونین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو حرز جان بناتے ہوئے اس پر عمل کریں۔

آنحضرت ﷺ نے انسانی زندگی کے ہر خاص وعام پہلو پر نہ صرف روشنی ڈالی بلکہ بالصراحت چھوٹے چھوٹے معاملات کو سمجھایا اور صحابہ کرامؓ نے ممکنہ اٹھنے والے سوالات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پیش کئے اور سیر حاصل جواب لے کر ہمارے ذہنوں کو جلا بخشی۔

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ:۔

(یہ صدقات) اُن محتاجوں کے لئے ہیں جو اللہ کی راہ میں (دوسرے کاموں سے) روکے گئے ہیں (یعنی دین الٰہی کے کاموں پر انہیں سب کاموں سے فارغ کر کے لگا دیا گیا ہے) وہ ملک میں (آزادی سے) آ جا نہیں سکتے (ایک) بے خبر (شخص اُن کے سوال سے بچنے کے سبب انہیں غنی خیال کرتا ہے تم اُن کی ہئیت سے (اُنہیں) پہچان سکتے ہو۔ وہ لوگوں سے لپٹ لپٹ کر سوال نہیں کرتے اور تم جو اچھا مال بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرو اللہ اُس سے یقیناً خوب واقف ہے۔ (سورۃ البقرہ:274)

اگر ہم اس آیت کا غور سے مطالعہ کریں تو ہمارے لئے اس میں ہدایات ہیں جیسے فرمایا **تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ** کہ تم ان کو ہئیت سے پہچان سکتے ہو اور اس بات کی تلقین کی ہے کہ مالدار کا فرض ہے کہ ایسے حاجت مندوں کو اپنی دانش وفراست سے شناخت کریں کیونکہ ان کی حالت تو زہد وتقویٰ اور حیاء کی وجہ سے یہ ہے کہ ناواقف انہیں غنی سمجھتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس بارہ میں چند ایک ارشادات نقل کرنا چاہوں گا۔ جو بخاری سے لئے گئے ہیں۔

حضرت ابوھریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ''مسکین وہ نہیں جو ایک دو لقمے کے لئے (دربدر) مانگتا پھرے بلکہ مسکین وہ ہے جو محتاج ہو اور شرمائے اور لوگوں کے پیچھے پڑ کر نہ مانگے''۔

دین حق بھیک مانگنے کو قطعی طور پر بند کرتا ہے اور حکومتوں نے بھی قانوناً اسے ممنوع قرار دے رکھا ہے۔ عہد نبوی میں نہ صرف اس کا نفاذ تزکیہ نفس سے کیا گیا بلکہ اقتصادی حالات کو اتنا بہتر بنا دیا کہ صدقہ قبول کرنے والے ڈھونڈے سے بھی نہیں ملتے تھے۔ جس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث بخاری کے اسی باب سے ہے کہ ''صدقہ کرو! کیونکہ تم پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنے صدقے کو لئے پھرے گا اور وہ کسی کو نہیں پائے گا جو اسے قبول کرے۔ آدمی کہے گا اگر تو اسے کل لاتا تو میں اسے لے لیتا مگر آج تو مجھے اس کی ضرورت نہیں۔

بخاری کی ہی ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص اپنی رسی لے پھر صبح کو پہاڑ کی طرف نکل جائے اور لکڑیاں اکٹھی کر کے ان کو بیچے اور کھائے اور صدقہ کرے۔ اُس کے لئے یہ اُس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے مانگے۔ اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے محنت کرنے اور حق حلال کی روزی کمانے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ کہ اگر تمہیں اپنی شایان شان یا تعلیم کے موافق کام نہیں ملتا تو کوئی ادنیٰ پیشہ ہی اختیار کر لو اور بجائے کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے کے محنت مزدوری کرو۔ تا کہ تم معاشرے کا ایک ناکارہ وجود متصور نہ کئے جاؤ بلکہ اپنے ساتھ منسوب لوگوں کا بار خود اٹھاؤ بجائے اس کے معاشرے میں اپنی کم مائیگی کا ڈھنڈھورا پیٹو۔

فارغ رہنا بذات خود کئی ایک بیماریوں اور تکالیف کا موجب ہے اور معاشرے میں بداثرات مرتب کرتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا کہ ادنیٰ سا ہی کام کرو تو اس سے معاشرے میں امن قائم ہوتا ہے اور فارغ بیٹھنے سے شیطانی وساوس اور بہت سی پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں فارغ آدمی گھر والوں کے لئے تو پریشانی کھڑی کرتا ہی ہے مگر اپنے ہم عمر ساتھیوں کی ذہنی صلاحیتوں کو بھی تباہ کرنے کا موجب بنتا ہے۔

لیکن اس اعلیٰ تعلیم کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے اُس طبقہ کو نظر انداز نہیں کیا جو جسمانی طور پر کمزور اور معذور ہیں جن کی اقتصادی حالت اس قدر خراب ہے کہ کاروبار شروع نہیں کر سکتے اور امداد کے محتاج ہیں یا کسی اور سبب سے مجبور و معذور ہیں۔ دین حق متمول افراد کو تلقین کرتا ہے کہ اپنے معاشرے اور گردونواح کے ماحول پر گہری نظر رکھو اور جو حقیقی معنوں میں مستحق ہیں اُن کی دادرسی کرو۔ اسی ضمن میں حکومت پر بھی یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ رعایا کی دیکھ بھال کرتی رہے اور ازخود محتاج کی حاجت براری کر کے انہیں مانگنے کی لعنت سے بچائے۔ افراد جماعتِ احمدیہ کو اس معاملہ میں اپنے رب کا شکر ادا کرنا چاہئے کہ اُس نے اپنے مسیح پاک کے ذریعہ ہمیں ایک ایسے مربوط نظام میں پرو دیا ہے جس کی وجہ سے آج روئے زمین پر بڑی سے بڑی مملکت بھی اس نظام سے محروم ہے جس کو جماعت احمدیہ اپنائے ہوئے ہے اور وہ نظام خلافت ہے۔ اس نظام کے تحت ہر محتاج تک پہنچنا بہت آسان ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض ایسے افراد کو بھی آگ سے بچانے کے لئے خود بخود دیا کرتے تھے۔ جو بظاہر محتاج معلوم نہ ہوتے تھے۔ جس کی وجہ سے بعض صحابہؓ نے استفسار بھی کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی جواب دیا کہ بعض لوگوں کے متعلق یہ خدشہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے سوال کرنے کی وجہ سے اوندھے منہ آگ میں نہ گرا دیئے جائیں۔ اور آپؐ ایسے لوگوں کو خود بخود عطا فرما دیا کرتے تھے۔ آپؐ کے اس عمل سے ہمارے لئے بھی یہ واضح نصیحت ہے کہ ہم بھی محتاجوں کو مانگنے کے گناہ سے محفوظ رکھیں اور محتاجوں کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ سوال کرنے کی لعنت سے بچیں۔

اللہ تعالیٰ نے جو یہ فرمایا کہ **تعرفهم بسيمٰهم** تو اس کا یہی مقصد تھا کہ صدقات کی تقسیم میں اس بات کا انتظار نہ کیا جائے کہ محتاج آ کر خود مانگیں بلکہ انہیں خود ایسے محتاجوں کا علم رکھنا چاہیے۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مسکین وہ نہیں جو لوگوں کے پاس گھومتا پھرے ایک دو لقمے اور ایک دو کھجوریں اُس کو دربدر لے جائیں۔ بلکہ مسکین وہ ہے جو اتنا مال نہیں پاتا کہ جو اُس کی ضرورتوں کو پورا کر دے اور نہ اُس کا حال کسی کو معلوم ہو کہ اس کو صدقہ دے اور نہ وہ اٹھ کر لوگوں سے سوال کرتا پھرتا ہو۔

خدا تعالیٰ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو نظر انداز کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ عفت وعزت نفس کی اعلیٰ روح جو خدا انسان میں پیدا کرنا چاہتا ہے پیدا نہیں ہوگی۔ بلکہ مٹ جائے گی اور بھیک مانگنے کا سلسلہ وسیع تر ہوتا چلا جائے گا۔ ان کی روک تھام کے لئے مؤثر اور جامع لائحہ عمل کی ضرورت ہے۔ دین حق قطعی طور پر مانگنے کے اس طریق کو روکتا ہے جو آجکل رائج ہے۔ بلکہ چاہتا ہے کہ محتاج اپنی حاجت کو لوگوں پر ظاہر نہ ہونے دے۔

پس اس معاشرے کو جنت نظیر بنانے کے لئے ہمیں اپنے گردونواح میں اور اپنے ہمسایوں میں، یہ دیکھنا چاہئے کہ کوئی ایسا سفید پوش تو نہیں جو حاجت مند ہو۔ تبھی ہم اس معاشرے کو بدل سکتے ہیں۔ ہمیں گداگری کی لعنت سے ملک کو پاک کرنا چاہئے اور کسی کو نصیحت کرنا اور اچھی بات بتانا بھی صدقہ کی ایک قسم ہے۔ ہمیں ان گداگروں کو سمجھانا چاہئے کی ہاتھ کی کمائی میں کتنی برکت اور عزت ہے محنت کرنا نیک لوگوں کا وطیرہ ہے نہ کہ دست سوال پھیلانا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی ہمیشہ مانگتا رہتا ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن وہ ایسی حالت میں آئے گا کہ اُس کے منہ پر گوشت کی بوٹی بھی نہ ہوگی''۔ تو یہ حدیث کس قدر وعید اپنے اندر رکھتی ہے کہ جن لوگوں کو مانگنے کی عادت ہے وہ قیامت کے دن کس صورت حال سے دوچار ہوں گے۔ یعنی غنی ہو کر مانگنے والے انسان کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی عزت وقدر نہ ہوگی۔ اور یہ بات بھی واضح ہے کہ جس کو مانگنے کی عادت پڑ جائے تو پھر اُس کی پوری نہیں پڑتی بلکہ لالچ بڑھتا چلا جاتا ہے۔ الغرض برکت کثرت و فراوانی میں نہیں بلکہ قناعت اور استغنائے نفس میں ہے جو تھوڑی شے میں بھی بآسانی حاصل ہو سکتی ہے۔ قناعت نفس راحت کا وہ احساس پیدا کرتا ہے جو دولت کی فراوانی نہیں کر سکتی بلکہ حق تو یوں ہے کہ دولت کی فراوانی اشرافِ نفس طمع وحرص کے بیسیوں دریچے کھول کر راحت کو اضطراب کی دائمی کیفیت میں تبدیل کر دیتی ہے اور اُس شخص کی حالت یہ ہوتی ہے کہ وہ کھاتا ہے مگر سیر نہیں ہوتا۔ پس فلاح یعنی کامرانی اسی امر میں ہے کہ انسان قانع ہو حریص نہ ہو۔

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کہتے ہیں کہ مجھے حضرت امیر معاویہؓ نے لکھا کہ مجھے کوئی ایسی حدیث لکھ کر بھیجیں جو آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو تو میں نے لکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:۔ ''اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تین باتیں ناپسند فرمائی ہیں۔ (1) بے فائدہ بات کرنا۔ (2) مال کو ضائع کرنا۔ (3) زیادہ سوال کرنا۔

پس اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے بتائے ہوئے راستوں پر صحیح معنوں میں چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ہماری جملہ ضروریات کا خود متکفل ہو اور ہمارا ہاتھ ہمیشہ اوپر رہے۔

دنیا کی بڑی جنگی معیشتیں

(سالانہ اخراجات ڈالروں میں)

1	امریکہ	1ٹریلین
2	فرانس	65ارب 40 کروڑ
3	برطانیہ	59ارب 26 کروڑ
4	چین	58ارب 80 کروڑ
5	روس	50ارب
6	جاپان	48ارب 86 کروڑ
7	جرمنی	45ارب 93 کروڑ
8	اٹلی	40ارب
9	سعودی عرب	31ارب
10	جنوبی کوریا	28ارب 94 کروڑ
11	بھارت	26ارب 50 کروڑ
12	ترکی	25ارب 40 کروڑ
13	اسرائیل	9ارب 44 کروڑ
14	پاکستان	7ارب 80 کروڑ

(سنڈے ایکسپریس 26/اکتوبر 2008ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 93739 میں محمد احمد

ولد شریف احمد قوم مان پیشہ دکاندار عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماچھیواڑہ چونڈہ ضلع سیالکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 28-11-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 2500/- روپے ماہوار بصورت دکانداری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد احمد۔ گواہ شد نمبر 1 حفیظ احمد۔ گواہ شد نمبر 2 ذوالفقار احمد

مسل نمبر 93740 میں شازیہ ادریس

